(*Translation*)

# THE NON-MULKI PROSTIUTES AND DANCING GIRLS ACT.

No. XXI of 1350 F.

CONTENTS.

*Sections*

Preamble:—

(1) Short title, commencement and extent.

(2) Definitions.

(3) Non-mulki prostitute or dancing girl not to reside without obtaining residence licence.

(4) Application for obtaining residence licence.

(5) Residence licence.

(6) Refusal to grant licence.

(7) Term of temporary residence licence and its cancellation.

(8) Effect of cancellation of licence.

(9) Permanent residence licence.

(10) Nature, trial and punishment of offences.

(11) Power to make rules.

# قانون بیرونی زنانِ بازاری و طوائف

نشان (۲۱) سنہ ۱۳۵۰ ف

دفعہ ۔

تمہید ۔

۱ مختصر نام ۔ تاریخ نفاذ ۔ وسعت مقامی ۔

۲ تعریفات ۔

۳ بیرونی زنِ بازاری یا طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت مقیم نہ رہے گی ۔

۴ حصول اجازت نامہ سکونت کی درخواست ۔

۵ اجازت نامہ سکونت ۔

۶ اجازت نامہ دینے سے انکار ۔

۷ اجازت نامہ عارضی سکونت کی مدت اور اسکی تنسیخ ۔

۸ اجازت نامہ کے منسوخ ہونے کا نتیجہ ۔

۹ اجازت نامہ مستقل سکونت ۔

۱۰ جرائم ان کی نوعیت سماعت اور سزا ۔

۱۱ قواعد وضع کرنے کا اختیار ۔

*(Translation)*

# THE NON-MULKI PROSTITUTES AND DANCING GIRLS ACT.

No XXI of 1350 F.

*(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 21st Shaban 1360 H., corresponding to 9th Aban 1350 F.)*

Preamble.

Whereas it is expedient to enact a law relating to non-mulki prostitutes and dancing girls; It is hereby enacted as follows :—

Short title, commencement and extent.

1. This Act may be called "THE NON-MULKI PROSTITUTES AND DANCING GIRLS ACT" and it shall come into force in H.E.H. the Nizam's Dominions from the *date of its publication in the Jarida.

Definitions.

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,—

(a) "non-mulki prostitute" shall mean a prostitute whose continuous residence in H. E. H. the Nizam's Dominions has been for less than fifteen years;

*Published in the Jarida dated 24th Aban 1350 F.

# قانون بیرونی زنانِ بازاری و طوائف

نشان (۲۱) ۱۳۵۰ف

(جو پیشگاہ اعلحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۱/ شعبان المعظم ۱۳۶۰ھ مطابق ۹/ آبان ۱۳۵۰ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرینِ مصلحت ہے کہ بیرونی زنانِ بازاری و طوائف کے متعلق قانون نافذ کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:-

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ۔ وسعت مقامی۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون بیرونی زنانِ بازاری وطوائف" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا

تعریفات۔

دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(الف) "بیرونی زنانِ بازاری" سے ایسی عصمت فروش عورت مراد ہوگی جس کا ممالک محروسہ سرکار عالی میں مسلسل قیام پندرہ سال سے کم ہو۔

* جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۴/ آبان ۱۳۵۰ف میں شائع ہوا۔

(*Translation*)

(b) "non-mulki dancing girl" shall mean a woman whose continuous residence in H. E. H. the Nizam's Dominions has been for less than fifteen years and whose main occupation is dancing and singing whether she lives in prostitution or not;

(c) "temporary residence licence" shall mean a licence granted under this Act to a non-mulki prostitute or non-mulki dancing girl;

(d) "permanent residence licence" shall mean a licence granted under this Act to a non-mulki prostitute or a dancing girl;

(e) "licensee" shall mean a non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl to whom a residence licence has been granted under this Act.

Non-mulki prostitute or dancing girl not to reside without obtaining residence licence.

3. No Non-mulki prostitute or dancing girl shall carry on her occupation, within the limits of the City of Hyderabad or of any district in H.E.H. the Nizam's Dominions, without obtaining a residence licence.



(ب) "بیرونی طوائف" سے ایسی عورت مراد ہوگی جس کا ممالک محروسہ سرکار عالی میں مسلسل قیام پندرہ سال سے کم ہو اور اس کا اصل پیشہ رقص و سرود ہو خواہ وہ عصمت فروشی کرتی ہو یا نہ کرتی ہو۔

(ج) "اجازت نامہ عارضی سکونت" سے ایسا اجازت نامہ مراد ہوگا جو کسی بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف کو قانون ہذا کے تحت دیا جائے۔

(د) "اجازت نامہ مستقل سکونت" سے ایسا اجازت نامہ مراد ہوگا جو کسی بیرونی زن بازاری یا طوائف کو قانون ہذا کے تحت دیا جائے۔

(ھ) "اجازت یافتہ" سے ایسی بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف مراد ہوگی جس کو قانون ہذا کے تحت کوئی اجازت نامہ سکونت دیا گیا ہو۔

بیرونی زن بازاری یا طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت مقیم نہ رہے گی۔

دفعہ ۳۔ کوئی بیرونی زن بازاری یا طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت حدود بلدہ میں یا ممالک محروسہ کے کسی ضلع کے حدود میں اپنا پیشہ انجام نہ دے سکے گی۔

(*Translation*)

Application for obtaining residence licence.

4. Any non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl desiring to carry on or continue her occupation within the city of Hyderabad or any district in H.E.H. the Nizam's Dominions, shall, in case she arrives after the commencement of this Act, apply in writing within four days from the date of her arrival, and in case she had been residing there, within one month from the date of commencement of this Act, in the City of Hyderabad to the Commissioner of City Police, and in a district to the Superintendent of Police, for grant of a residence licence.

حصول اجازت نامہ سکونت کی درخواست۔

دفعہ ۴۔ بلدہ میں یا ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی ضلع میں بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف اپنا پیشہ اختیار کرنا یا جاری رکھنا چاہتی ہو اور وہ قانون ہذا کے نفاذ کے بعد وارد ہو تو اپنے ورود کی تاریخ سے چار دن کے اندر اور پہلے سے مقیم ہو تو تاریخ نفاذ قانون ہذا سے ایک ماہ کے اندر بلدہ کے لئے کوتوال بلدہ اور ضلع کے لئے مہتمم کوتوالی کے پاس اجازت نامہ سکونت دیئے جانے کے لئے تحریری درخواست پیش کرے گی۔

Residence licence.

5. (1) On an application being made under section 4, the Commissioner of City Police or the Superintendent of Police may, in his discretion and according to the circumstances, issue the residence licence applied for or refuse to grant it without assigning any reasons.

اجازت نامہ سکونت۔

دفعہ ۵۔ (۱) دفعہ ۴ کے تحت درخواست پیش ہونے پر کوتوال بلدہ یا مہتمم کوتوالی صورت حال کے لحاظ سے اپنے صوابدید کے مطابق مطلوبہ اجازت نامہ سکونت دے سکیگا یا اس کے دینے سے بلا اظہار وجوہ انکار کرسکیگا

(2) The residence licence may, while specifying the house or locality, also require the licensee to reside in a particular house or locality.

(۲)۔ اجازت نامہ سکونت میں بہ تعین مکان یا محلہ حکم دیا جاسکے گا کہ اجازت یافتہ اس خاص مکان یا محلہ میں مقیم ہو۔

(*Translation*)

Refusal to grant licence.

6. If a licence is refused, the applicant shall, within seven days from the date of refusal, remove herself from the local limits within which she has not been permitted to reside. In case of default the authority competent to grant licence shall take action against the applicant under sub-section (2) of section 8.

اجازت نامہ دینے سے انکار

دفعہ ۶ - اجازت نامہ دینے سے انکار کیا جائے تو درخواست گذارہ پر لازم ہوگا کہ تاریخ انکار سے سات دن کے اندر ان حدود سے منتقل ہو جائے جن میں قیام کی اجازت دینے سے انکار کیا گیا ہو۔ خلاف ورزی کی صورت میں اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار درخواست گذارہ کے خلاف دفعہ ۸ ضمن (۲) کے تحت عمل کرے گا۔

Term of temporary residence licence and its cancellation.

7. (1) The term of licence granted under section 5 to a newly arrived non-mulki prostitute shall be one month and of a licence granted to a newly arrived dancing girl shall not exceed six months. But the licence may, from time to time, be renewed if the conduct of the licensee is not otherwise objectionable.

اجازت نامہ عارضی سکونت کی مدت اور اس کی تنسیخ۔

دفعہ ۷ - (۱) جو اجازت نامہ دفعہ ۵ کے تحت نو وارد بیرونی زن بازاری کو دیا جائے گا اس کی مدت ایک ماہ اور جو نو وارد بیرونی طوائف کو دیا جائے گا اس کی مدت چھ ماہ سے زائد نہ ہو سکے گی مگر اجازت یافتہ کی روش اور طرح پر قابل اعتراض نہ ہو تو اجازت نامہ کی وقتاً فوقتاً تجدید ہو سکے گی۔

(2) Where the misconduct of a licensee is likely to disturb public peace and if there are sufficient reasons to suspect that a non-mulki dancing girl is indulging more in prostitution than in her main occupation, the

(۲) اجازت یافتہ کی کسی بد اطواری سے امن عامہ میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ ہو اور بیرونی طوائف کی صورت میں یہ شبہ کرنے کے کافی وجوہ ہوں کہ وہ

(*Translation*)

authority competent to grant licence, may, cancel the licence before the expiry of its term.

Effect of cancellation of licence.

8. (1) When a licence is cancelled or it expires under sub-section (2) of Section 7 or sub-section (3) of Section 9, the authority competent to grant licence shall direct the licensee to go out of its jurisdiction within a specified period which shall not be less than seven days.

(2) Where an order passed under sub-section (1) is not complied with within the specified period or when compliance therewith is refused, the authority competent to grant licence shall remove the defaulter in police custody from his jurisdiction. Where a woman is so removed, a report in respect of her removal shall be forwarded to the officer-in-charge of a police-station to whose jurisdiction she has been removed.

Permanent residence licence.

9. (1) Where a licensee, having obtained a temporary residence licence had resided continuously for one year, or, a non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl, who had resided in the City of Hyderabad or any district of H. E. H. the Nizam's Dominions for one year before the



وہ اپنے اصل پیشہ کے مقابلہ میں عصمت فروشی کی طرف زیادہ رجوع ہے تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار اجازت نامہ کو اس کی مدت کے ختم ہونے سے قبل منسوخ کرسکیگا۔

اجازتنامہ کے منسوخ ہونیکا نتیجہ۔

دفعہ ۸۔(۱) اجازت نامہ دفعہ ۷ ضمن (۲) یا دفعہ ۹ ضمن ۳ کے تحت منسوخ کیا گیا ہو یا ختم ہوگیا ہو تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار اجازت یافتہ کو حکم دے گا کہ وہ معینہ مدت کے اندر جو سات دن سے کم نہ ہوگی اس کے حدود سے باہر چلے جائے۔

(۲) ضمن (۱) کے تحت حکم دیا گیا ہو اور معینہ مدت کے اندر تعمیل نہ کی جائے یا تعمیل سے انکار کیا جائے تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار قاصر عورت کو کوتوالی کی حراست میں اپنے حدود ارضی سے خارج کردے گا۔ کوئی عورت اس طرح خارج کی جائے تو اس کے اخراج کی اطلاع اس منتظم تھانہ کو دی جائے گی جس کے حدود میں وہ پہونچائی گئی ہو۔

اجازت نامہ مستقل سکونت۔

دفعہ ۹۔(۱) اجازت یافتہ بحصول اجازت نامہ عارضی سکونت ایک سال تک مسلسل مقیم رہی ہو یا ایسی بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف جو قانون ہذا کے نفاذ سے ایک سال قبل بلدہ میں یا ممالک محروسہ کے کسی ضلع میں مقیم رہی ہو اور اس کی روش اور طرح

(*Translation*)

commencement of this Act and her conduct had not been otherwise objectionable, desires to reside permanently or continue her occupation the Commissioner of City Police in the City of Hyderabad, and in any district of H. E. H. the Nizam's Dominions, the Superintendent of Police, may, on her application in writing, grant her a permanent residencee licence.

(2) When a licensee under sub-section (1) leaves H.E.H. the Nizam's Dominions for a period of more than fifteen days, she shall, before her departure and immediately after her return, inform the authority competent to grant licence, of the dates of her departure and return.

(3) When a licensee under sub-section (1) does not furnish the requisite information in accordance with sub-section (2) or resides outside H. E. H. the Nizam's Dominions continously for six months, her permanent residence licence shall expire and such woman shall revert to her original status.

Nature, trial and punishment of offences.

10. (1) A non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl who carries on her occupation within the limits of the City of Hyderabad or any district of H. E. H. the Nizam's Dominions without obtaining a residence licence, shall be punishable with fine which may extend to two hundred rupees and in case she continues the same even after conviction, the authority competent to grant licence may take action against her under sub-section (2) of section 8.



پر قابل اعتراض نہ رہی ہو اور وہ مستقل سکونت اختیار کرنا یا اپنا پیشہ جاری رکھنا چاہتی ہو تو حدود بلدہ کے لیے کوتوال بلدہ اور ممالک محروسہ کے کسی ضلع کے لئے مہتمم کوتوالی اسکی تحریری درخواست پر اسکو اجازت نامہ مستقل سکونت دے سکے گا۔

(۲) ضمن (۱) کے تحت اجازت یافتہ پندرہ روز سے زائد مدت کیلئے ممالک محروسہ سے باہر جائے تو وہ اپنی روانگی سے قبل اور واپسی کے فوری بعد روانگی اور واپسی کی تاریخوں سے اجازت نامہ دینے کے مقتدر عہدہ دار کو مطلع کرے گی۔

(۳)۔ ضمن (۱) کے تحت اجازت یافتہ ضمن (۲) کے تحت اطلاع نہ دے یا مسلسل چھ ماہ تک ممالک محروسہ سے باہر مقیم رہے تو اس کا اجازت نامہ مستقل سکونت منسوخ ہو جائیگا اور ایسی عورت کی ابتدائی حیثیت عود کر آئے گی۔

جرائم ان کی نوعیت سماعت اور سزا

دفعہ ۱۰۔ (۱) بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت حدود بلدہ میں یا ممالک محروسہ کے کسی ضلع کے حدود میں اپنا پیشہ انجام دے تو اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکے گی۔ اور سزا یابی کے بعد بھی وہ اپنا پیشہ جاری رکھے تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار اس کے خلاف دفعہ ۸ ضمن (۲) کے تحت عمل کرے گا۔

(*Translation*)

(2) An offence under this section shall be tried and punished by a Magistrate of the Second Class and be cognizable and bailable.

11. (1) The Government may make rules to carry out the purposes of this Act.

Power to make rules.

(2) The Government may, without prejudice to the generality of sub-section (1), make rules in regard to the following matters :

(a) a register for regulating the mode of living and movements of a licensee, its form and entries ;

(b) the charges on removal under sub-section (2) of section 8 and defrayal thereof ;

(c) forms of licences.

(3) the court shall, in accordance with section 3 of the Hyderabad Evidence Act, make presumptions as to the accuracy of the entries of the register mentioned in clause (a) of sub-section (2).



(۲) ۔جرم تحت ہذا قابل سماعت وتجویز ناظم فوجداری درجہ دوم وقابل دست اندازی کوتوالی اور قابل ضمانت ہوگا۔

قواعد وضع کرنیکا اختیار ۔ دفعہ ۱۱ ۔ (۱) قانون ہذا کے اغراض کی تکمیل کے لئے سرکار عالی قواعد وضع کرسکیگی۔

(۲) ضمن (۱) کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر سرکار عالی حسب ذیل امور کے متعلق قواعد وضع کریگی۔

(الف) ۔ اجازت یافتہ کے طریقہ زندگی ونقل وحرکت کے انضباط کے لئے کتابچہ اس کی ترکیب اور اس کے اندراجات۔

(ب) اخراج تحت دفعہ ۸ ضمن (۲) کے مصارف اور ان کی بابجائی ۔

(ج) ۔ اجازت ناموں کے نمونے ۔

(۳) ۔کتابچہ متذکرہ ضمن (۲) فقرہ (الف) کے اندراجات کی صحت کا قیاس حسب منشاء دفعہ ۳ قانون شہادت ممالک محروسہ سرکار عالی عدالت کرے گی۔